پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001

فون: 91 22 2266 0502 فیکس:91 22 22660358


13 جولائی 2016

# آر بی آئی نے امانت کوآپیریٹو بینک لمیٹڈ، بنگلورو پر جاری پابندی کی ہدایا ت میں توسیع کردی ہے،

ریزروبینک نے عوام کی جانکاری کے لئے یہ اعلان کیا ہے کہ اس نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (ا) (جیسا کوآپریٹو سوسائیز پر لاگو ہے) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے امانت کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ بنگلورو پر 5 اپریل 2013 کے کاروبار کے اختتام سے کچھ پابندیاں عائد کی تھیں جس کے مطابق یہ بینک ریزروبینک کی بغیر پیشگی تحریر منظوری کے کسی بھی طرح کے قرض یا لون کی تجدید نہیں کرے گی اور نہ ہی کوئی سرمایہ کرے گی نہ ہی کوئی ذمہ داری بشمول قرض کے طور پر فنڈس حاصل کرنا نئے ڈپازٹس لینا وغیرہ لے گی۔ نہ وہ کسی طرح کی لائبیلیٹیز کی ادائیگی کرے گی اور نہ ہی وہ اس کے لئے راضی ہوگی۔ وہ کسی بھی طرح کے اپنے اثاثہ کو نہ تو فروخت کرے گی اور نہ ہی وہ اس کے لئے کسی سے مصالحت کرے گی سوائے ان معاملات کے جہاں ریزروبینک نے اس کو اپنے یکم اپریل 2013 کی ہدایت کے مطابق اپنے اثاثوں کی منتقلی فروخت کی اجازت دی ہے۔ اس ہدایت کی ایک کافی متاثرہ عوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں چسپاں کردی گئی ہے خاص طور پر مندرجہ بالا ریزروبینک ہدایت میں یہ بتایا گیا ہے کہ کسی بھی شخص اپنے بچت کھاتہ، کرنٹ کھاتہ یا کسی اور کھاتہ سے اپنی کل رقم سے ایک ہزار روپیہ تک رقم (RS1000 زیادہ کی رقم نہیں) نکال نے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ ان ہدایت کی توسیع ریزروبینک نے اپنے مورخہ 30 اپریل 2013 کے حکم سے 4 اپریل 2014 تک چھ ماہ کے لئے کی اس کے بعد مزید توسیع اپنے 27 مارچ 2014 کے حکم کے ذریعہ چھ ماہ کے لئے 4 جنوری 2015 تک پھر 23 ستمبر 2014 کے حکم کے ذریعہ پھر 29 دسمبر 2014 کے حکم کے ذریعہ 4 جولائی 2015 تک پھر 25 جون 2015 کے حکم کے ذریعہ 4 جنوری 2016 تک اور پھر 23 دسمبر 2015 کے حکم کے ذریعہ 4 جولائی 2016 تک وقفہ وقفہ سے توسیع کی جاتی رہی ہے۔

اب پھر یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ بالا ہدایت کی پابندی کو مزید چھ ماہ کے لئے 5 جولائی 2016 سے 4 جنوری 2017 تک نظرثانی کی شرط کے ساتھ بڑھا دیا گیا ہے، اس پابندی کے اجراء کا مطلب ریزروبینک کے ذریعہ اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کرنے کا نہیں ہے۔ یہ بینک کچھ پابندیوں کے ساتھ اپنا بینکنگ کاروبار جاری رکھے گا جب تک کہ اس کی مالی حالت میں سدھار نہیں ہوجاتا۔ ریزروبینک حالت کے مدِنظران پابندیوں میں ترمیم پر غور کرسکتا ہے۔

**انیرد ھاڈی جادھو**

**اسسٹنٹ منیجر**

پریس ریلیز 107/2016-2017